پریس ریلیز

نیسلے کے چیف ایگزیکٹوآفیسر نے نیسلے ہیلدی کڈز (NHK) رُوم کا افتتاح کیا

لاہور، 04 ستمبر 2014ء: نیسلے ایس۔اے کے چیف ایگزیکٹوآفیسر، پال بُلکے نے ٹرسٹ فار ایجوکیشن اینڈ ڈیولپمنٹ آف ڈیزروِنگ اسٹوڈنٹس (TEDDS) (مستحق طلبہ کی تعلیم وترقی کے ٹرسٹ) کے تحت چلنے والے ہربنس پورہ اسکول میں نیسلے ہیلدی کڈز (NHK) رُوم کا حال ہی میں افتتاح کیا۔

پاکستان کے مختصر دورے کے دوران نیسلے کے چیف ایگزیکٹوآفیسر نے نیسلے ہیلدی کڈز پروگرام کے بچوں سے ملاقات بھی کی۔اسکول کے دورے کے دوران پال بُلکے ہمراہ نیسلے ایس اے کے ایگزیکٹو وائس پریزیڈنٹ اور ایشیا، اوشیانا اور افریقہ زون کے سربراہ، نندونندکشور، نیسلے پاکستان کے مینجنگ ڈائریکٹر، مگدی بٹاٹو اور TEDDS کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اراکین بھی تھے۔

نیسلے ہیلدی کڈز رُوم کا قیام اور اس کا ڈیزائن کمپنی کی جانب سے مفاہمت کی ایک یادداشت (MoU) کے تحت کیا گیا ہے، جس پر ماہِ اپریل میں TEDDS کے ساتھ دستخط کئے گئے تھے۔مفاہمت کی یہ یادداشت نیسلے ہیلدی کڈز کے عالمی پروگرام کا حصہ ہے، جس کے تحت نیوٹریشن، ہیلتھ اور ویل نیس (NHW) (یعنی غذائیت، صحت اور فلاح) کی عالمی کمپنی نے 6 تا 16 برس کے طالبعلموں کی غذائیت اور صحت سے متعلق آگاہی میں اضافہ اور جسمانی سرگرمی سے متعلق صحت مند طرز زندگی کے اسباق متعارف کرانے کا وعدہ کیا ہے۔مذکورہ نصاب کی بنیاد پر کئے جانے والے اقدام کے تحت نیسلے تمام شراکت دار اسکولوں میں نیسلے ہیلدی کڈز رُوم کے ڈیزائن کی تقلید کا منصوبہ بنا رہی ہے۔

کمپنی نے اسکول کے اساتذہ کو تربیت فراہم کی ہے کہ وہ اس پروگرام کے لئے خصوصی طور پر بنائے گئے نصاب کے تحت کس طرح تعلیم دیں۔ TEDDS جس کے تحت چلنے والے مختلف کیمپس میں 5,000 سے زائد طلباء کا اس پروگرام میں اندراج ہے، پہلے ہی اس موسم گرما میں اپنے طلباء کی ایک کھیپ (Batch) کو اس ضمن میں پڑھا چکا ہے۔

پال بلک اور نندکشور نے بچوں سے اچھی اور کم مقوی غذا (macro and micro-nutrients) کے بارے میں سوالات کئے اور جسمانی سرگرمیوں کے لئے صحت مند اور متوازن غذا کی اہمیت کے بارے میں گفتگو کی۔

اسکول کے اپنے دورے کے بارے میں پال بُلکے نے کہا کہ ''نیسلے ہیلدی کڈز بچوں میں غذائیت کے بارے میں علم کی قیادت تیار کرنے کے لئے ہمارے عہد کا ایک حصہ ہے۔غذائیت کی تعلیم اس کا ایک بہت اہم جزو ہے اور ہمارا ماننا ہے کہ یہ تعلیم اسکول میں ہی شروع ہوجانی چاہئے ہے۔ہم بچوں میں درست غذا کھانے اور جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی اہمیت کا احساس پیدا کرنا چاہتے ہیں۔بچوں سے ملاقات کرنے اور اسکول کی انتظامیہ سے رائے کے حصول کے بعد، اس پروگرام کے تحت اسکول کے اساتذہ اور بچوں کی جانب سے اپنی زندگیوں میں لائی جانے والی تبدیلیوں سے میری بڑی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔''

TEDDS کے صدر محمد فاروق ندیم نے کہا کہ اسکول کھانے کی صحت مند عادات اور جسمانی سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے جو کچھ کرسکتا تھا وہ کیا ''اب جب کہ بچے جانتے ہیں کہ غذائیت اور صحت مند غذا کیا ہے، تو ہم محسوس کرتے ہیں کہ اگلے قدم کے تحت اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ وہ یہ بھول نہ جائیں کہ انہوں نے کیا سیکھا ہے۔'' بچوں کو گھر سے کھانا لانے کی ترغیب دینے کے لئے اسکول میں ہیلدی اسکول لنچ کمپیٹیشن اور پوسٹر کمپیٹیشن جیسی سرگرمیوں کا باقاعدہ انعقاد کیا جاتا ہے۔

چودہ سالہ، ملائکہ شبیر نے کہا کہ انہوں نے کھانے کی مقدار میں توازن برقرار رکھنا سیکھا ہے۔گیارہ سالہ، ماہ نور ناصر نے کہا کہ جب سے انہوں نے ہیلدی کڈز پروگرام میں حصہ لینا شروع کیا ہے انہوں نے سبزیاں کھانی شروع کردی ہیں، انہوں نے کہا کہ ''مجھے سبزیاں پسند نہیں تھیں، لیکن اب میں جانتی ہوں کہ صحت مند غذا کے لئے یہ کتنی اہم ہیں، لہٰذا میں نے اب سبزیاں کھانا شروع کردی ہیں۔''

نیسلے ہیلدی کڈز پروگرام کے متعلق:

نیسلے ہیلدی کڈز پروگرام کا پاکستان میں آغاز سال 2010ء میں ہوا۔کیئر فاؤنڈیشن، سلوراوکس اور TEDDS کے زیرِ انتظام اس وقت یہ پروگرام اسکولوں میں جاری ہے۔اس پروگرام کا مقصد اسکول جانے والے بچوں کی غذائیت اور صحت سے متعلق آگاہی میں اضافہ اور جسمانی سرگرمی کا فروغ ہے۔پاکستان اُن تین مُلکوں میں سے ایک ہے جہاں دنیا بھر میں موجود ناقص غذائیت کے شکار بچوں کی نصف تعداد پائی جاتی ہے۔سال 2010ء اور 2013ء کے درمیان نیسلے ہیلدی کڈز پروگرام کے تحت 30 اسکولوں میں 50,000 بچوں، 100 اساتذہ اور 100 ماؤں کو تربیت دی جاچکی ہے۔سال 2015-2014ء میں یہ پروگرام مزید 25000 طالبعلموں تک رسائی حاصل کرے گا۔نیسلے اس پروگرام میں مزید توسیع کے لئے بلوچستان، خیبرپختونخواہ اور سندھ میں اداروں کے ساتھ شراکت کرے گا۔

TEDDS کے متعلق:

ٹرسٹ فار ایجوکیشن اینڈ ڈیولپمنٹ آف ڈیزروِنگ اسٹوڈنٹس (TEDDS) (مستحق طلبہ کی تعلیم وترقی کے ٹرسٹ) 1993ء میں قائم ہونے والا ایک غیرتجارتی فلاحی ادارہ ہے جس کا مقصد مستحق بچوں میں معیاری تعلیم کا فروغ ہے۔ TEDDS لاہور میں اسکولوں کا تعلیمی نظام ہے جس کے تحت ضلع لاہور کے 11 اسکول آتے ہیں جن میں 50,000 طلباء زیرِتعلیم ہیں۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجیے:

عاتکہ میرخان
کارپوریٹ میڈیا ریلیشنز منیجر، نیسلے پاکستان
موبائل 042-35988119
ای میل aatekahahmad.mirkhan@PK.nestle.com